روزنامہ
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

قائمقام ایڈیٹر: فخر الحق شمس
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 30 دسمبر 2005ء 27 ذیقعد 1426 ہجری 30 فتح 1384 ھش جلد 55-90 نمبر 292

زہے خلق کامل

حضرت انسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ اخلاق حسنہ میں تمام انسانوں میں بڑھ کر تھے۔ یعنی اعلیٰ اخلاق میں سے کوئی خلق ایسا نہیں تھا جو آپ میں کمال تک نہ پہنچا ہو اور حسن خلق کا کوئی پہلو ایسا نہیں تھا جس نے وجود محمدی ﷺ میں اپنی رفعتیں نہ حاصل کی ہوں۔

(مسلم کتاب الفضائل باب کان رسول اللّٰہ احسن الناس خلقاً حدیث نمبر 4272)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا 114 ویں جلسہ سالانہ قادیان کے موقع پر اختتامی خطاب

سعادت عظمیٰ کے حصول کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت ہی ایک راہ ہے

آج آپ ھی ھیں جنھوں نے صلح، آشتی اورمحبت کے پیغام کو مشرق، مغرب، شمال اورجنوب میں پھیلانا ھے

تمام رسولوں سے زیادہ پاک مطہر اور اعلیٰ نمونہ دکھانے والے صرف محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں

تائیدات الٰہیہ سے بھرا ہوا جلسہ سالانہ قادیان خدا کی رحمتوں، برکتوں اور فضلوں کو بانٹتے ہوئے اپنے اختتام کو پہنچا۔ 70 ہزار افراد نے شرکت کی

خطاب کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

مورخہ 28 دسمبر 2005ء کو جلسہ سالانہ قادیان کے اختتامی اجلاس کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پاکستانی وقت کے مطابق 2 بجکر 50 منٹ پر جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ آپ نے نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ اس کے بعد اجلاس کی باقاعدہ کارروائی مکرم قاری نواب احمد خان صاحب کی تلاوت سے شروع ہوئی۔ اس کے بعد مکرم تنویر احمد صاحب ناصر نے حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام ع

''ہر طرف فکر کو دوڑا کے تھکایا ہم نے''

پڑھا۔ اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ نے بھارت اور پاکستان کی یونیورسٹیز اور کالجز میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو اسناد عطا فرمائیں۔ اسناد دینے کی 12 تقاریب پہلے منعقد ہو چکی تھیں۔ اس تقریب میں 1984ء سے 2005ء تک کے عرصہ میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء نے خود یا ان کے نمائندگان نے حضور انور سے سند حاصل کرنے کا شرف حاصل کیا۔

بعدہٗ حضور انور نے مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے مقابلہ بین المجالس میں، مجلس خدام الاحمدیہ قادیان کو پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر علم انعامی سے نوازا۔

حضور انور نے اختتامی خطاب کے آغاز میں سورۃ احزاب کی آیت نمبر 41 کی تلاوت فرمائی۔ اور فرمایا کہ جماعت احمدیہ کے پھیلنے اور میڈیا کی ترقی کی وجہ سے جماعت احمدیہ کا تعارف خدا تعالیٰ کے فضل سے دنیا کے کونے کونے میں پھیل گیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج حضرت مسیح موعود نے ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں صحیح اور سچا ادراک عطا کیا ہے۔ جس کی وجہ سے آج اگر کسی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پہچان ہے تو وہ احمدی ہے۔ احمدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکموں کو ماننے والا ہے۔ حضور انور نے فرمایا مخالفت کی وجہ سے بصیرت اور بصارت نہیں رہتی۔ اس لئے خدا کی طرف جھکیں کیونکہ کھرے اور کھوٹے میں تمیز کرنے کی عقل خدا کے فضل سے آتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اگر تعصب سے پاک آنکھ سے دیکھا جائے تو سچ نظر آ جاتا ہے۔ فرمایا ایک دفعہ سکنڈے نیویا کے ممالک میں ایک راہنما سے گفتگو کے دوران جب میں نے پوچھا کہ کیا خدا کی صفات ہمیشہ قائم رہتی ہیں یا کمی آ گئی ہے کیا تم کہہ سکتے ہو کہ دنیا کا آفتاب آج بھی طلوع ہوتا ہے۔ مگر خدا کی صفات کا آفتاب پیچھے رہ گیا ہے۔ تو ان کو تسلیم کرنا پڑا کہ خدا کی ہر صفت ہمیشہ کے لئے قائم ہے۔ فرمایا ایک عاشق صادق جو انعام یافتہ ہے کے ذریعہ یہ فیضان جاری کیا ہے۔ اس لئے یہ دولت جو گھر میں موجود ہے اس سے اپنی پیاس بجھاؤ، بجائے اس کے کہ دوسرے سراب کے پیچھے دوڑا جائے۔ جس سے کچھ ملتا ہی نہیں ہے۔ اس لئے اس سے فیض پائیں جس کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق کی وجہ سے فیضان کا منبع بنایا گیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فیضان یہی ہے کہ آپ کی پیروی سے انسان ہر انعام پا سکتا ہے۔ سعادت عظمیٰ کے حصول کے لئے ایک ہی راہ کھلی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مکمل اطاعت کی جائے۔ حضور انور نے فرمایا کہ تائیدات الٰہیہ کی فعلی شہادت بھی سوا سو سال سے اسی بات کی گواہی دے رہی ہے کہ اطاعت میں ہی سعادت ہے۔ اور اطاعت میں اولیت کا فخر بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہے۔ آپ کے دل کی آواز یہی ہے۔ کہ میرا مرنا اور جینا اور عبادت خدا کے لئے ہے۔ اسی کے ذریعہ آپؐ نے عبادت اور عبودیت میں اعلیٰ مقام حاصل کیا۔ اور تمام رسولوں میں پاک، مطہر اور اعلیٰ نمونہ دکھانے والے صرف حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتے تو قرآن نہ ہوتا۔ آج قرآن ہی کے ذریعہ سے ہم سمجھ سکتے ہیں کہ حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ پاک تھے۔ قرآن کا احسان ہے کہ اس نے گزشتہ انبیاء کا مقام ہمیں سمجھایا۔ اسی کی کامل تاثیروں کی برکت سے یہ تمام صداقتیں زندہ اور قائم ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی ہدایت کے لئے بہت دعائیں کرتے تھے۔ لوگوں کو خدا کی طرف بلانے کی پیاس تھی جس نے ایک جذب پیدا کر دی تھی۔ یہی جذب اور کشش ہے جس سے لوگوں کو خدا کے قریب لایا جاتا ہے جس طرح مخلوقات چاند، سورج اور ستارے خدا کے لئے کام کر رہے ہیں اسی طرح انسانوں کو بھی خدا کی رضا کے مطابق کام کرنے کے لئے بلایا جاتا ہے۔

حضور انور نے حضرت مسیح موعود کی تحریرات پیش کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ یہ ظلم اور شرارت ہے کہ صرف منہ سے مانو اور جو مرضی میں آئے کرو۔ برے اعمال اور بدعتوں میں پڑے ہوئے ہو۔ مجھے کیسے الزام دے سکتے ہو۔ کیونکہ مجھے تمام بدعتوں کو دور کرنے کے لئے کھڑا کیا گیا ہے۔ ہمیں خدا کے کلام پر پنجہ مارنے کا حکم ہے اور ہم اس پر پنجہ مار رہے ہیں۔ اختلاف اور تنازعہ کے وقت ہم قرآن پر زور دیتے ہیں ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ پس اللہ کی پکڑ سے بچیں الزام تراشی نہ کریں۔ میں ہمدردی کے جذبہ سے کہتا ہوں کہ توبہ کریں توبہ کریں۔ کیونکہ ظلم و تعدی کی مثالیں دکھانا ہماری شان نہیں ہے۔

(باقی ص 12 پر)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 365)

بانی احمدیہ مشن ماریشس کی قندیل روایات

حضرت صوفی غلام محمد صاحب ساکن مچھرالہ تحصیل ننکانہ ضلع شیخوپورہ (ولادت 1881ء میں بیعت 1895ء۔ وفات 18-17 اکتوبر 1947ء) 313 کی مشہور عالم فہرست 1897ء میں حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے آپ کا نام 149 نمبر پر تحریر فرمایا ہے۔ 1907ء میں تعلیم علیگڑھ کالج کے دوران امام الزماں کی پہلی تحریک وقف زندگی پر لبیک کہی 1912ء میں حضرت مولانا نورالدین بھیروی مظہر قدرت ثانیہ کی ہدایت پر صرف چھ ماہ کے اندر کتاب اللہ کے حافظ بن گئے حضرت علامہ حافظ روشن علی صاحب کی طرح آپ کو بھی حضرت مولانا عبدالکریم سیالکوٹی کے لحن داودی کا ایک دلکش رنگ قسام ازل سے عطا ہوا تھا۔

حضرت صوفی صاحب احمدیہ مشن ماریشس کے بانی تھے۔ آپ 20 فروری 1915ء کو اس جزیرہ میں نور صداقت پھیلانے کے لئے قادیان دارالامان سے روانہ ہوئے اور 12 سال تک اس زمین پر ماموروقت کی کامیاب منادی کے بعد 16 مارچ 1927ء کو مرکز احمدیت میں رونق افروز ہوئے۔

اس عظیم مبشر احمدیت کے قلم سے حضرت اقدس موسّس جماعت احمدیہ کے چند انقلاب آفریں ارشادات ملاحظہ ہوں:۔

اول۔ ”1894ء کو چاند گرہن اور سورج گرہن ایک ہی رمضان میں ہوا تھا یعنی 13 رمضان کو چاند گرہن اور اسی رمضان کی 28 کو سورج گرہن ہوا تھا وہ میں نے اپنی آنکھ سے منٹگمری میں دیکھا تھا۔ چاند گرہن مغرب کی نماز کے بعد ہی لگ گیا تھا۔ اس وقت یہی تذکرہ تھا کہ یہ چاند مہدی کا نشان حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر فرمایا ہے۔“

دوم۔ ”غالباً 1895ء کی بات ہے ان دنوں پیر سراج الحق نعمانی بیت مبارک میں امامت کرایا کرتے تھے............ میرے سامنے ہی مولوی نورالدین صاحب مالیر کوٹلہ سے واپس آئے تھے **قرآن شریف گلے میں حمائل کیا ہوا تھا بیت مبارک میں حضرت مسیح موعود سے ملے تھے“**

(الحکم 21 ستمبر 1934ء صفحہ 10)

سوم۔ حضرت اقدس نے فرمایا: ”قرآن شریف پڑھنے والے کو چاہئے کہ وہ قرآن کو اپنے اوپر چسپاں کرے آدم اور ابلیس کا حال پڑھتے ہوئے یہ دیکھے کہ آیا وہ آدم ہے یا ابلیس۔ فرعون اور موسیٰ کا حال پڑھ کر اپنے تئیں............ موسیٰ کا مثیل بنائے۔ نیکوں کی اقتداء اور بدوں کی چال سے اجتناب“

(رجسٹر روایات جلد 7 صفحہ 290)

چہارم۔ فرمایا ”دل اللہ تعالیٰ کے فیوض، برکات، انوار اور مکالمات الٰہیہ کا منبع ہے اور دماغ علوم عقلیہ کا مرکز ہے۔ حواس خمسہ ظاہری دماغ سے تعلق رکھتے ہیں۔“ (ایضاً صفحہ 291)

پنجم۔ حضرت بیت مبارک کی چھت مغرب کی نماز کے بعد شہ نشین پر بیٹھا کرتے تھے اور عشاء تک وہیں تشریف رکھا کرتے تھے۔ حضور پہلے ایام میں رات کا کھانا بھی مہمانوں کے ساتھ وہیں کھایا کرتے تھے۔ حضور کی عادت شریف تھی روٹی کے بہت چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرتے جاتے تھے اور سالن کے ساتھ ذرا سا لقمہ کھایا کرتے تھے آپ کے آگے ٹکڑوں کا ڈھیر لگ جاتا تھا۔ لوگ حضور کے تبرک کے بہت شائق ہوا کرتے تھے اور آپس میں بانٹ لیا کرتے تھے۔“

(ایضاً صفحہ 301)

چمنستان ”الوصیت“ کے گل سرسبد۔ پہلے موصی حضرت بابا حسن محمد اوجلوی

حضرت مولانا رحمت علی صاحب انچارج مشن انڈونیشیا کے والد حضرت بابا حسن محمد صاحب کو پہلے موصی ہونے کا اعزاز حاصل ہوا۔ حضرت اقدس کے دعویٰ ماموریت و مسیحیت کے زمانہ میں آپ سجان پور میں چھٹی رسان تھے۔ آپ نے استخارہ کیا آپ کو خواب میں حضرت اقدس دکھلائے گئے اور کہا گیا کہ یہ سچے ہیں بیعت کرلو آپ نے بیعت کے لئے ہاتھ بڑھایا تو حضور نے یہ پڑھانا شروع کیا رب انی ظلمت نفسی............ ان الفاظ پر بڑے زور کے ساتھ آپ کی چیخیں نکل گئیں اور آپ نے رونا شروع کردیا جس کے بعد آپ کی آنکھ کھل گئی۔

حضرت بابا حسن محمد صاحب نے 4 نومبر 1940ء کو ملک فضل حسین صاحب (نظارت تصنیف واشاعت قادیان) سے یہ واقعہ بتانے کے بعد فرمایا

”خدا تعالیٰ نے سب سے پہلے وصیت کرنے کی توفیق عطا فرمائی............ ایک شخص نے مجھے دفتر میں آکر کہا کہ لوگوں نے حضرت مسیح موعود سے تحفہ کے طور پر کپڑے لئے ہیں میں نے جواب دیا جس نے مانگا اس نے لے لیا پھر وہی شخص مجھ سے کہنے لگا کہ تمہیں کیوں نہیں ملا۔ میں نے اسی وقت حضور کی خدمت میں رقعہ لکھنا شروع کردیا مگر اس شخص سے ذکر نہیں کیا۔ رقعہ میں یہ عرض کی کہ حضور بڑے کوٹ کے نیچے جو کوٹ پہنتے ہیں وہ مجھے عطا فرماویں۔ حضور نے **اسی وقت مجھ کو میر محمد اسحاق کے ہاتھ لپیٹ کر مجھے بھجوادیا** اور کہا کہ جا کر محمد حسن سے کہو کوٹ پہنچ گیا میں نے جواب میں کہا عرض کردیں کہ ہاں پہنچ گیا پھر میں نے وہی کوٹ کھول کھول کر لوگوں کو دکھایا کہ دیکھو **حضور کا جو کوٹ میں چاہتا تھا وہ آ گیا لوگ حیران رہ گئے اور وہ کوٹ اس وقت سے میرے پاس ہے۔“**

(ریکارڈ شعبہ تاریخ احمدیت ربوہ)

حضرت اقدس اپنے آسمانی مولا کو مخاطب کرکے اپنی باطنی کیفیت کا لطیف نقشہ ان اشعار میں کھینچا ہے۔ ؎

اس دل میں تیرا گھر ہے تیری طرف نظر ہے
تجھ سے ہوں میں منور میرا تو تُو قمر ہے
تجھ پر مرا توکل در پر ترے یہ سر ہے
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

قربانی کی اہلیت بڑھانے کا ذریعہ

سیدنا حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔

”اس زمانہ میں مالی قربانی کی بہت ضرورت ہے۔ اس لئے سب مرد اور عورتیں اپنی زندگی کو سادہ بنائیں اور اخراجات کو کم کردیں۔ تا کہ جس وقت قربانی کیلئے خدا تعالیٰ کی طرف سے آواز آئے وہ تیار ہوں۔ قربانی کیلئے صرف تمہاری نیت ہی فائدہ نہیں دے سکتی جب تک تمہارے پاس سامان بھی مہیا نہ ہوں۔“

(مطالبات صفحہ 23)

جماعت کے جملہ احباب وخواتین اس پر عمل پیرا ہوں تا کہ ہم اپنے پیارے امام کے حضور گزشتہ سال کی نسبت امسال زیادہ قربانیاں پیش کرسکیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

ولادت

مکرم منصور احمد صاحب شاہد مربی سلسلہ اطلاع دیتے ہیں کہ ان کے برادر نسبتی مکرم محبوب احمد صاحب ولد مکرم گلزار احمد صاحب آف وزیر آباد کو مورخہ 6 دسمبر 2005ء کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے بیٹی عطا کی ہے۔ بچی کا نام الیشہ محبوب تجویز ہوا ہے۔ تمام احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو صحت وتندرستی والی لمبی عمر سے نوازے اور والدین کیلئے آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔

ولادت

مکرم ملک بشیر احمد اعوان صاحب انسپکٹر وقف جدید (ر) تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کی بیٹی مکرمہ عطیۃ النور عابدہ صاحبہ اہلیہ مکرم اشتیاق ملک صاحب کو شادی کے 6 سال بعد مورخہ 16/اگست 2005ء کو جرمنی میں پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے۔ جو وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نومولود کا نام امان ملک عطا فرمایا ہے۔ بچہ خاکسار کے چھوٹے بھائی مکرم مشتاق ملک صاحب آف جرمنی کا پہلا پوتا اور محترم ملک محمد عظیم صاحب سابق صدر جماعت احمدیہ پوچھال کلاں ضلع چکوال کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، لائق اور لمبی عمر والا مخلص خادم دین بنائے۔ آمین

نکاح

مکرم شیخ محمد یونس شاہد مربی سلسلہ دارالصدر غربی حلقہ قمر تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم محمد طلحہ صاحب کا نکاح مکرمہ لبنیٰ ملک صاحبہ بنت مکرم حنیف احمد ملک صاحب جرمنی کے ساتھ مبلغ پانچ ہزار یورو حق مہر پر مورخہ 4 دسمبر 2005ء کو بیت المبارک میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر دعوت الی اللہ ربوہ نے پڑھایا۔ احباب کرام سے اس رشتہ کے بابرکت ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

مکرمہ منصورہ رضوانہ صاحبہ دارالعلوم وسطی ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ میرے بیٹے مکرم محمد لطیف قیصر صاحب ابن مکرم محمد شفیق قیصر صاحب مرحوم کینیڈا کا نکاح مکرمہ رابعہ انتصار مہار صاحبہ بنت مکرم کرنل انتصار مہار صاحب لاہور کینٹ کے ہمراہ مکرم حمید اللہ خان صاحب مربی سلسلہ نے بعوض پندرہ ہزار کینیڈین ڈالرز حق مہر پر دارالذکر لاہور میں 18 نومبر 2005ء کو پڑھایا مکرم محمد لطیف قیصر صاحب مکرم منشی محمد صادق صاحب مرحوم کے پوتے اور مکرم مرزا ظہیر الدین منور احمد مرحوم درویش قادیان کے نواسے ہیں۔ جبکہ مکرمہ رابعہ انتصار مہار صاحبہ مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب مہار مرحوم موضع چندر کے منگو لے ضلع نارووال کی پوتی اور رفیق حضرت مسیح موعود مکرم چوہدری شاہ محمد صاحب مہار کے خاندان سے ہے اور مکرم چوہدری محمد مالک چدھڑ صاحب کی نواسی ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کے لئے ہر لحاظ سے خیر وبرکت کا موجب بنائے۔ آمین

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

1905ء میں وفات پانے والے حضرت مسیح موعود کے بعض رفقاء

غلام مصباح بلوچ صاحب

حضرت اقدس مسیح موعود کے رفقاء کا ایک طبقہ ایسا تھا جو حضور کی زندگی ہی میں اخلاص و وفا اور ایمان کے اعلیٰ نمونے دکھا کے اس جہان سے رخصت ہوگیا۔ 1905ء بھی ایک ایسا سال ہے جس میں حضور کے چند بلند مرتبہ رفقاء راہی ملک عدم ہوئے۔ ان فوت شدہ بزرگان میں سے بعض کا تذکرہ نہایت اختصار کے ساتھ ذیل میں کیا جاتا ہے۔

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی

آپ کا پیدائشی نام کریم بخش تھا جسے بعد میں حضرت مسیح موعود نے بدل کر عبدالکریم رکھ دیا۔ 1858ء میں سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ قرآن مجید اور عربی و فارسی زبان میں مہارت حاصل کی۔ آپ ایک نہایت دلکش اور مؤثر آواز کے مالک تھے بہت جلد اپنی خداداد طاقت سے ایک فصیح و بلیغ اور پُر جوش مقرر بن گئے۔ ایک عرصہ سے آپ کو حضرت مولوی نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح الاول سے گہرا تعلق رہا۔ یہ تعلق بالآخر حضرت مسیح موعود کے دامن سے وابستہ کرنے کا موجب بنا۔ ستمبر 1898ء میں آپ مستقل ہجرت کر کے قادیان آبسے۔ یہاں نماز کی امامت آپ ہی کے سپرد تھی۔ دین حق پر جو اندرونی، بیرونی حملے ہو رہے تھے ان کے دفاع میں اپنی عمر بسر کردی۔ حضرت مسیح موعود کو آپ سے بہت محبت تھی۔ آپ کو حضور کے لیکچر پڑھنے کی بھی عظیم سعادت حاصل ہوئی۔ اگست 1905ء میں بیمار ہوئے حضور کو آپ کی بیماری اور تکلیف کا بے حد احساس تھا اور خود کئی راتیں جاگتے گزاریں اور دعاؤں میں مصروف رہے اور فرمایا اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ کبھی اس قسم کا اضطراب اور فکر میں نے اپنی اولاد کے لئے بھی نہیں کیا۔ حضور کی دعا کے سبب اس مرض سے معجزانہ شفا پائی۔ لیکن کچھ عرصہ بعد 11 اکتوبر 1905ء کو بروز بدھ وفات پائی حضور کو بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے بذریعہ الہامات حضرت مولوی صاحب کی وفات کی خبریں دی جا رہی تھیں۔ آپ پہلے امانتاً دفن کئے گئے لیکن پھر بہشتی مقبرہ کے قیام پر سب سے پہلے اس میں دفن ہوئے۔ آپ کی وفات پر حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

''وہ اس سلسلہ کی محبت میں بالکل محو تھے ...... ہماری محبت میں ایسے محو ہوگئے تھے کہ اگر ہم دن کو کہتے کہ ستارے ہیں اور رات کہتے کہ سورج ہے تو وہ کبھی مخالفت کرنے والے نہ تھے ان کو ہمارے ساتھ ایک پورا اتحاد اور پوری موافقت حاصل تھی کسی امر میں ہمارے ساتھ خلاف رائے کرنا وہ کفر سمجھتے تھے ان کو میرے ساتھ نہایت درجہ کی محبت تھی ...... ان کی عمر ایک معصومیت کے رنگ میں گزری تھی اور دنیا کی عیش کا کوئی حصہ انہوں نے نہیں لیا تھا ...... میں جانتا ہوں کہ ان کا خاتمہ قابل رشک ہوا کیونکہ ان کے ساتھ دنیا کی ملونی نہ تھی''۔ (اخبار بدر 12 جنوری 1906ء ص3)

حضرت قاضی حبیب اللہ صاحب حضرت مسیح موعود کے دل میں حضرت مولوی صاحب کی محبت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''جب بہشتی مقبرہ تیار ہوگیا ...... پہلی قبر مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم کی ہی بنی تھی۔ مولوی صاحب کو وفات پائے ہوئے قریباً دو ماہ کا عرصہ ہی ہوا ہوگا۔ ایک دن حضرت مسیح موعود بسرائے کی طرف سیر کے لئے تشریف لے گئے بہت دور جانے کے بعد جب واپس ہوئے اور قصبہ میں داخل ہونے لگے تو آپ ٹھہر گئے ...... فرمایا اوہو ہم تو بغیر ملے ہی مولوی صاحب سے گھر کو واپس جا رہے ہیں مولوی صاحب فرمائیں گے کہ یہاں تک آئے اور بغیر ملے ہی واپس چلے گئے چلو اب چلیں۔ پھر سب دوستوں کے ساتھ بہشتی مقبرہ میں واپس گئے ...... قبر پر پہنچ کر حضور نے ہاتھ اٹھائے اور دیر تک دعا فرمائی، دعا کے بعد پھر واپس تشریف لائے۔ آپ 313 رفقاء میں شامل تھے۔

(الحکم 14 اکتوبر 1936ء ص4 کالم 3,2)

حضرت مولوی برہان الدین صاحب جہلمی

یکے از 313 حضرت مولوی برہان الدین صاحب جہلمی 1830ء میں پیدا ہوئے۔ دینی تعلیم حاصل کی اور علم تفسیر، حدیث، فقہ ونحو وغیرہ کے متبحر عالم تھے اور تحریر وتقریر میں یکتائے روزگار تھے۔ 1886ء میں ہوشیار پور کے مقام پر حضرت مسیح موعود کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ بعد ازاں 20 جولائی 1892ء کو سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ بیعت کے بعد آپ ہر سال قادیان تشریف لے جاتے، حضور فرماتے تھے کہ ''مولوی صاحب آپ کے آنے سے مجھے آرام ملتا ہے''۔ حضور سے آپ کا اخلاص ومحبت جنون کی حد تک پہنچا ہوا تھا۔ حضور جب سیر کر کے واپس گھر تشریف لاتے تو آپ آگے بڑھ کر حضور کی نعلین اپنی کندھے والی چادر سے صاف کر دیتے۔ 1903ء میں حضور کے سفر جہلم کے موقع پر آپ حضور کی سواری کے آگے جوش محبت وخوشی میں یہ نعرہ لگاتے جاتے ''کیڑی دے گھر نارائن آیا''۔ اسی طرح 1904ء میں حضور کے سفر سیالکوٹ کے موقع پر آپ سیالکوٹ آئے حضور کی واپسی کے بعد بعض مخالفین نے آپ کو پکڑ کر منہ میں گوبر ٹھونس دیا لیکن آپ نے نہایت بشاشت کے ساتھ فرمایا ''او برہانا ایہہ نعمتاں کتھوں''۔

یعنی اے برہان الدین یہ نعمتیں روز روز کہاں میسر آتی ہیں۔ آپ بڑے متوکل انسان اور صوفی منش بزرگ تھے اور بہت سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔

آپ نے 3 دسمبر 1905ء کو جہلم میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔ حضور نے فرمایا: ''مولوی صاحب ایک صوفی مشرب آدمی تھے اکثر فقراء اور بزرگوں کی خدمت میں جایا کرتے تھے ...... ایک سوزش اور جذب ان کے اندر تھا اور ہمارے ساتھ ایک مناسبت رکھتے تھے ......''

(اخبار بدر 8 دسمبر 1905ء ص7)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

''مولوی برہان الدین صاحب مرحوم جہلمی ایک بہت بڑے عالم تھے لیکن شکل سے ہرگز نہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ بھی پڑھے لکھے آدمی ہیں ایک دفعہ سفر میں وہ ریل پر سوار ہوئے گاڑی بھری ہوئی تھی۔ بیٹھنے کو جگہ نہ تھی مولوی صاحب نے سواریوں کو کہا میاں ذرا پرے ہو جانا انہوں نے پوچھا تو کون ہے۔ مولوی صاحب نے کہا جی آپ کے کمی ہیں لوگوں نے سمجھا کہ چوہڑا یا چمار ہے اور ان کو جگہ دے دی اور وہ کھلے لیٹ کر سو گئے۔ ان سے پوچھا گیا کہ مولوی صاحب آپ نے اپنے آپ کو کمی کیوں کہا انہوں نے فرمایا کہ علماء خدام ہی ہوتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود جب جہلم سے واپس تشریف لائے تو فرمایا کہ مولوی برہان الدین صاحب کے رسوخ کا جہلم میں جا کر پتہ لگتا ہے ایک ہزار شخص نے حضرت اقدس کی جہلم میں بیعت کی تھی اور آپ فرماتے تھے کہ میں بیعت لیتے لیتے تھک گیا تھا مگر مولوی صاحب آدمیوں کو لئے چلے آتے تھے۔ ہزاروں آدمی محض ان کی وجہ سے حضور کی زیارت کے لئے حاضر ہوئے تھے، اتنا ہجوم حضور کے استقبال کے لئے کہیں جمع نہ ہوا تھا''۔

(الفضل 13 ستمبر 1920ء ص2)

حضرت منشی محمد افضل صاحب

یکے از 313 حضرت منشی محمد افضل صاحب لاہور کے باشندہ تھے، بالکل ابتدائی زمانہ میں بیعت کی توفیق پائی اور اس کے بعد جلد ہی ممباسہ (کینیا، مشرقی افریقہ) بسلسلہ ملازمت ریلوے چلے گئے۔ 1902ء میں وہاں سے ریٹائر ہونے کے بعد قادیان میں سکونت پذیر ہوگئے۔ ستمبر 1902ء میں ایک اخبار ''القادیان'' قادیان سے جاری کیا۔ لیکن اگلے ہی مہینے یعنی اکتوبر 1902ء میں حضور نے اس اخبار کا نام بدل کر ''البدر'' رکھ دیا۔ آپ اپنے اس اخبار میں بڑی باقاعدگی کے ساتھ حضرت اقدس کی ڈائری شائع کیا کرتے تھے۔ جس سے احباب جماعت کی ایک کثیر تعداد بڑے اشتیاق کے ساتھ اخبار کے خریدار بنے۔ یہاں تک کہ آپ کی وفات پر بعض احباب کو یہ فکر دامنگیر ہوئی کہ اب اخبار کیسے نکلے گا لیکن بعد میں حضرت مفتی محمد صادق صاحب کی ادارت میں یہ اخبار نکلتا رہا۔ 313 کبار رفقاء میں آپ کا نام 67 نمبر پر شامل ہے۔ آپ نے مارچ 1905ء میں وفات پائی۔

آپ کی وفات پر حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی نے فرمایا:

''اس مرحوم بھائی کے لائف کا گہرا مطالعہ کر کے مجھے ایک بات عجیب نظر آئی ہے اور وہی اس قابل ہے کہ طالبان حق ورشاد کے لئے اسوہ اور نمونہ بنے ......

مرحوم کے دل میں مدت سے خیال تھا کہ قادیان میں ایک اخبار نکالا جائے ...... البدر نکلا، مختلف اوقات میں نہیں۔ شروع سے آخری دم تک اس کی راہ میں انہیں مصیبتیں اور رکاوٹیں پیش آئیں۔ شاید کم ہی لوگ واقف ہوں گے مرحوم اور اس کے عیال نے بسا اوقات دن کو آدھا پیٹ کھانا کھایا اور رات کو بھوکے سو گئے اور اکثر خشک لون مرچ کے ساتھ کچی پکی سی روٹیاں کھا کر گزارہ کیا۔ کچی پکی میں نے اس لئے کہا کہ ایندھن خریدنے کی طاقت بھی نہ ہوتی۔ نہ صرف بچے پھٹے پرانے کپڑوں میں ادھر ادھر پھرتے نظر آتے بلکہ خوبصورت نوجوان باپ بھی اسی رحم انگیز ہیئت میں باہر نکلتا اور کاروبار کرتا ہے۔ ایک لائق اور بہتوں سے افضل منشی انگریزی میں عمدہ دست گاہ رکھنے والا۔ باہر نکل کر خوب کمانے اور عمدہ گزران والا، کون سی بات تھی جس نے اسے ایسی زاہدانہ زندگی کے اختیار کرنے پر مجبور کیا اس کا جواب صاف ہے حضرت مسیح موعود کی شناخت اور آپ کی معیت کی لذت۔

غرض مرحوم کے اخلاق میں یہ استقامت اور استقلال کا خلق مجھے قابل قدر اسوہ نظر آیا ہے۔ یہی وہ نور ہے جس سے اللہ تعالیٰ ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے نوجوان بھائی کو جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کی استقامت کے نمونہ سے بہتوں کو مستفید کرے۔ آمین

(البدر 6 اپریل 1905ء ص4)

حضرت مولوی وزیرالدین صاحب

یکے از 313 حضرت حکیم مولوی وزیرالدین

صاحب مکیریاں ضلع ہوشیار پور کے رہنے والے تھے اور ایک جید عالم تھے۔ براہین احمدیہ کی اشاعت کے ابتدائی زمانہ میں آپ مڈل سکول کے ہیڈ ماسٹر تھے، براہین احمدیہ کے مطالعہ کے بعد حضرت مسیح موعود کی ملاقات کا اشتیاق لئے پاپیادہ مکیریاں سے قادیان پہنچے اور زیارت سے مشرف ہوئے اس کے بعد آپ میں نمازوں کا ذوق وشوق اور سرور ایسا کوٹ کوٹ کر بھر گیا اور فرماتے ہیں کہ اس کے بعد کبھی کوئی نماز قضا نہ ہوئی بلکہ آنکھوں کی ٹھنڈک بن گئی۔ اس ملاقات کے بعد پھر اکثر مع اہل وعیال خدمت اقدس میں حاضر ہوتے رہے۔ 1892ء کے تاریخی جلسہ سالانہ میں شامل ہوئے۔ انجام آتھم میں درج حضور کے کبار 313 رفقاء کی فہرست میں آپ کا نام 14 نمبر پر منشی وزیرالدین کانگڑہ موجود ہے۔ اپریل 1905ء میں زلزلہ کانگڑہ کے وقت آپ سوجان پور ضلع کانگڑہ میں ہیڈ ماسٹر تھے لیکن خداتعالیٰ کے فضل سے آپ اور آپکے سکول کے طلباء معجزانہ طور پر محفوظ رہے، زلزلہ کے متعلق آپ کی رپورٹ اخبار الحکم 24/اپریل 1905ء میں شائع شدہ ہے۔

اس زلزلہ کے کچھ عرصہ بعد آپ پر فالج کا حملہ ہوا اور آپ بیمار ہوگئے۔ آپ کے داماد حضرت میاں اللہ یار صاحب (مدفون بہشتی مقبرہ قادیان) آپ کو وہاں سے قادیان لے گئے اور حضرت خلیفہ اول کے زیر علاج رکھا مگر چونکہ وہاں کوئی افاقہ نہ ہوا اس لئے واپس مکیریاں لے گئے جہاں آپ نے 6 نومبر 1905ء کو وفات پائی اور اپنے آبائی قبرستان مکیریاں میں ہی سپرد خاک کئے گئے۔ آپ کی اولاد میں پانچ لڑکیاں اور ایک لڑکا حضرت عزیزالدین صاحب تھے۔ آپ کی نسل خدا کے فضل سے مخلص اور دین کی خدمت کرنے والی ہے۔ مکرم چودھری محمد صدیق صاحب سابق انچارج خلافت لائبریری ربوہ آپ ہی کے نواسے ہیں۔ (انصاراللہ فروری 1979ء ص 12,9)

حضرت مولوی جمال الدین صاحب

یکے از 313 حضرت مولوی جمال الدین صاحب ساکن سیدوالہ بھی حضرت اقدس کے ابتدائی خدام میں سے تھے۔ آپ ایک ذی علم شخصیت کے مالک تھے اور سلسلہ احمدیہ کے ایک پُر جوش داعی الی اللہ تھے۔ 22 جون 1897ء کو قادیان میں جلسہ ڈائمنڈ جوبلی منایا گیا جس میں علاوہ دیگر علماء کی تقاریر کے حضرت مولوی جمال الدین صاحب نے بھی پنجابی میں تقریر کی حضرت مسیح موعود نے اس کا ذکر اپنی تحریر بنام ''جلسہ احباب'' (روحانی خزائن جلد 12) میں فرمایا ہے۔ آپ بفضلہ تعالیٰ 313 کبار رفقاء میں شامل ہیں۔ آپ کا نام 60 نمبر پر موجود ہے۔

ایک ماہ بعد یعنی 22 جولائی 1905ء کو آپ کی دختر نیک اختر نے وفات پائی۔ مرحومہ بھی سلسلہ احمدیہ میں داخل تھیں۔ آخیر وقت تک یہ خواہش کرتی رہیں کہ مجھے قادیان لے چلو تا کہ میرا جنازہ خود حضور پڑھیں لیکن مرحومہ کی یہ خواہش جنازہ غائب کی صورت میں ہی پوری ہوئی۔ حضرت مولوی صاحب کے داماد حضرت مولوی عبدالحق صاحب بھی آپ ہی کی طرح پُر جوش داعی الی اللہ تھے، نہایت ذہین اور زیرک آدمی تھے۔ (الحکم 31 جولائی 1905ء ص 1)

حضرت فتح محمد خان صاحب بزدار

یکے از 313 حضرت فتح محمد خان صاحب بزدار جماعت احمدیہ کے ابتدائی ممبران میں سے تھے۔ پہلے گورنمنٹ انگریزی کے محکمہ ڈاک خانہ میں ملازم تھے۔ آپ کا نام حضور کے کبار 313 رفقاء مندرجہ کتاب انجام آتھم میں 97 نمبر پر ہے۔ حضور کی بعض کتب میں درج فہرستوں میں بھی آپ کا نام موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے دل میں سلسلہ احمدیہ کی سچی محبت عطا کی تھی۔ آخری عمر تک سلسلہ کی خدمت میں مصروف رہے۔ آپ ڈیرہ غازی خان کے ایک علاقے میں دعوت الی اللہ میں مصروف تھے کہ وہاں بیمار ہوگئے۔ کہا گیا کہ آپ کو گھر کیوں نہ لے جاویں تو فرمایا ''مسافری میں مجھے موت بہت ہی پسند ہے''۔ اس بیماری میں بھی دعوت الی اللہ جاری رکھے ہوئے تھے۔ آخری الفاظ جو آپ کی زبان سے نکلے وہ تھے یا کریم یا کریم۔ آپ نے اپریل 1905ء میں وفات پائی اور کوہ سلیمان (ڈیرہ غازی خان) میں مدفون ہوئے۔ آپ کی وفات پر آپ کے ایک بھائی محمد حسین بلوچ بزدار جو احمدی نہ تھے نے لکھا:

''اگرچہ برادر موصوف دنیاوی معاملات کے علاوہ مذہبی خیالات میں بھی بندہ سے کچھ مختلف تھے مگر ان کی وفات نے میرے شیشۂ دل پر پتھر کا کام کیا، کیا کہوں! مختصر یہ کہ اب غم و الم ناقابل برداشت ہے، بھائی صاحب متقی، پرہیز گار اور ہمارے سر کے سرتاج تھے ......اس علاقہ کی احمدی جماعت (جو کہ بے یار و مددگار دشمن کے منہ کا شکار تھی) میں ایک نئی روح پھونک دی تھی ......''(اخبار بدر 4 مئی 1905ء ص 7)

حضرت فاطمہ بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول

حضرت حکیم مولوی نورالدین صاحب خلیفۃ المسیح الاول کی اہلیہ محترمہ جو تقریباً 1850ء میں پیدا ہوئیں۔ آپ کے نکاح میں اس وقت آئی تھیں جبکہ آپ ہندوعرب سے تحصیل علوم کر کے کوئی تیس سال کی عمر میں اپنے وطن بھیرہ کو واپس تشریف لائے تھے اور قریباً 37 سال آپ کے ساتھ رشتہ ازدواج میں رہیں۔ آپ صلہ رحمی کی صفت میں کمال رکھتی تھیں۔ اپنے نواسے اور نواسیوں کی پرورش مرتے دم تک اپنے ذمہ لی ہوئی تھی۔ باوجود اس قدر بیماری کے جو مدت سے ان کے لاحق حال تھی گھر کا سب کام کھانے پکانے وغیرہ کا خود کرتی تھیں۔ دور ونزدیک کے رشتہ داروں کے ساتھ ہمیشہ نیک سلوک کرتی رہتی تھیں اور سب کی خبر گیری کرتی تھیں۔ آپ کو حضرت مسیح موعود کے ساتھ سچا اخلاص اور ایمان تھا کہا کرتی تھیں کہ یہ حضرت مولوی صاحب (خلیفۃ المسیح الاول) کا احسان ہے کہ ہم نے خدا کے مسیح کو شناخت کر لیا لیکن اب تو میرے دل میں خدا کے مامور کی اس قدر محبت ہے کہ اگر کوئی بھی اس سے پھر جائے میں اس سے منہ نہیں پھیر سکتی۔ آپ نے اپنی عمر میں بہت شدائد اور مصائب اٹھائے۔ کتنی اولاد مر گئی لیکن آپ نے نہایت صبر سے کام لیا۔ جب حضرت مصلح موعود پیدا ہوئے تو حضرت مسیح موعود نے آپ سے فرمایا کہ یہ تمہارا بیٹا ہے اس واسطے آپ کو حضرت مصلح موعود سے خاص محبت تھی۔ آپ نے 28 جولائی 1905ء بروز جمعہ رحلت فرمائی بعد از عصر حضرت مسیح موعود نے بمع جماعت کثیر آپ کا جنازہ پڑھا اور بہت لمبی دعا کی، بعد ازاں قادیان کے شمال مشرقی جانب قبرستان میں دفن کیا گیا۔

بعد از عشاء حضرت مسیح موعود نے خود ہی آپ کا ذکر خیر کرتے ہوئے فرمایا:

''وہ ہمیشہ مجھے کہا کرتی تھیں کہ میرا جنازہ آپ پڑھائیں اور میں نے دل میں پختہ وعدہ کیا ہوا تھا کہ کیسا ہی بارش یا آندھی وغیرہ کا بھی وقت ہو میں ان کا جنازہ پڑھاؤں گا۔ آج اللہ تعالیٰ نے ایسا عمدہ موقعہ دیا کہ طبیعت بھی درست تھی اور وقت بھی صاف میسر آیا اور میں نے خود جنازہ پڑھایا''۔

آپ کی خواہش تھی کہ آپ کی وفات جمعہ کے دن ہو حضور نے آپ کی اس خواہش کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

''خدا تعالیٰ نے یہ خواہش بھی ان کی پوری کر دی چند روز ہوئے ابھی ہم باغ میں تھے کہ وہ ایک دن سخت بیمار ہوگئیں اور قریب موت کے حالت پہنچ گئی تو کہنے لگیں کہ آج تو منگل ہے اور ہنوز جمعہ دور ہے اور ابھی عبدالحی کی آمین بھی نہیں ہوئی۔ قدرت خدا اس وقت طبیعت بحال ہوگئی اور پھر خواہش کے مطابق عبدالحی کی آمین کی خوشی بھی دیکھی اور آخر جمعہ کا دن بھی پایا''۔ (بدر 27 جولائی 1905ء ص 7)

اگلے ماہ ہی آپ کے صاحبزادہ عبدالقیوم صاحب نے 21/اگست 1905ء کو وفات پائی۔

حضرت فاطمہ بیگم صاحبہ بھی حضور کے 313 کبار رفقاء میں شامل ہیں کیونکہ حضور نے 21 نمبر پر مولوی حاجی حافظ حکیم نوردین صاحب معہ ہر دو زوجہ لکھا ہے۔

اللہ تعالیٰ ان سب کو مغفرت کی چادر میں لپیٹے اور اپنے قرب میں جگہ دے۔ آمین

☆......☆......☆......☆

ص۔م

مکرم منیر احمد شاہد صاحب کی یاد میں

میرے والد مکرم منیر احمد شاہد صاحب ولد مکرم شریف احمد آرائیں صاحب آف پھیروچیچی 16 دسمبر 1962ء کو محمود آباد سندھ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے فضل بھمبھر و (نصرت آباد) سے مڈل کی تعلیم پاس کی۔ پھر آپ ملازمت کے لئے کراچی چلے گئے۔ مجلس محمود آباد کراچی میں اپنی مجلس کے مسلسل 6 سال قائد خدام الاحمدیہ رہے۔

آپ کو اللہ تعالیٰ نے 25 سال مختلف عہدوں پر جماعتی خدمات بجالانے کی توفیق عطا کی۔ آپ نماز بڑی پابندی سے وقت پہ ادا کرتے۔ اکثر وقت دعاؤں اور تسبیحات میں گزارتے۔

آپ ایک نڈر داعی الی اللہ تھے۔ ہر وقت آپ کے دل میں دعوت الی اللہ کا جذبہ موجزن رہتا۔ اسی وجہ سے بعض اوقات مخالفین کی طرف سے قتل کی دھمکیاں بھی ملتی رہتی تھیں۔ اور میری والدہ پیارے ابو کو بار بار احتیاط کرنے کی طرف توجہ دلاتی رہتی تھیں۔ مگر میرے والد یہ جواب دیتے کہ اگر میں خدا کی راہ میں قربان ہو گیا۔ آپ کے لئے یہ اعزاز کی بات ہوگی کہ آپ ایک شہید کی بیوہ کہلاؤ گی۔ یہی وہ جذبہ تھا کہ کوئی تین سو سعید روحوں نے آپ کے ذریعہ احمدیت قبول کرنے کی توفیق پائی۔ اور پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے خوشنودی کا اظہار فرمایا۔

آخری دو سال روزگار کے سلسلہ میں آپ نے گوادر میں گزارے۔ یہاں بھی تین خاندان زیر دعوت الی اللہ تھے۔

24 مارچ 2005ء دوپہر ڈیڑھ بجے اللہ کو یاد کرتے ہوئے ہم سے جدا ہو گئے۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

آپ نے پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ ایک بیٹی اور 2 بیٹے چھوڑے ہیں۔ بڑا بیٹا وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔

میرے والد محترم مکرم نسیم احمد شمس صاحب مربی سلسلہ کے ماموں زاد بھائی تھے۔

اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند کرے۔ اور ان کی تمام نیکیوں کو قبول فرمائے۔ اپنی رضا حاصل کرنا نصیب کرے۔ اور ہم سب کو آپ کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا کرے۔ آمین

☆......☆......☆

میری والدہ مکرمہ نذیر بیگم صاحبہ کی یاد میں

رنگ، خوشبو، محبت، قربانی، دعا ان سب الفاظ کو یکجا کر دیں تو شاید لفظ ''ماں'' کا مفہوم ادا کر سکیں۔ میری پیاری امی جان محترمہ نذیر بیگم صاحبہ زوجہ چوہدری مقبول احمد چیمہ صاحب چک نمبر R-111/6 ضلع بہاولنگر مورخہ 31 مارچ 2005ء کو بوقت صبح 11 بجے اپنے خالق حقیقی سے جا ملیں۔ اور اس مولا کے حضور حاضر ہو گئیں کہ ہمیں ایک دن وہیں جانا ہے۔

باوجود اس کے کہ ان کے والدین اور بہن بھائی سب غیر از جماعت تھے انہوں نے محض خدا کے فضل سے بچپن سے ہی احمدیت کے ماحول میں پرورش پائی۔ انہیں بچپن میں ان کی پھوپھی جان نے گود لے لیا تھا اور ان کے پھوپھا احمدی تھے۔ جو بہت نیک اور عبادت گزار تھے ان کی تربیت کی وجہ سے میری امی جان بچپن سے نماز، تلاوت، اور روزے کی بہت پابند تھیں۔ میرے ابا جان شادی کے وقت احمدی نہیں تھے اور شادی کے بعد 1964ء میں بیعت کی تھی میری امی جان نے ابو جان کے بیعت کرنے کے چھ ماہ بعد بیعت کر لی تھی انہوں نے جب یہ دیکھا کہ ابو جان احمدی ہونے کے بعد بالکل بدل گئے ہیں اور ایک نماز بھی نہ پڑھنے والا انسان پنجوقتہ نماز اور تہجد پڑھنے لگ گیا ہے۔ اور قرآن سارا وقت ان کے ہاتھ میں رہتا ہے۔ تو فوراً بیعت کر لی کہ یہ مذہب یقیناً سچا ہے۔

میں نے انہیں بچپن سے اب تک کبھی نماز قضا کرتے ہوئے نہیں دیکھا نماز وقت پر ادا کرنا ان کی ایک بہت پیاری عادت تھی اسی طرح تلاوت بھی بڑے اہتمام سے کیا کرتی تھیں انہوں نے ایک خاص موٹے حروف والا قرآن مجید رکھا ہوتا تھا صحن میں چارپائی پر تکیہ رکھ کر قبلہ رخ بیٹھ کر بڑے اہتمام سے با آواز بلند قرآن پاک کی تلاوت کیا کرتی تھیں۔ اسی طرح رمضان کے روزے اور شوال کے روزے بھی بڑے شوق سے رکھتی تھیں۔ کبھی تھوڑی بہت طبیعت کی خرابی کی وجہ سے اگر ہم بہن بھائیوں میں سے کسی نے کہا کہ امی جان روزہ نہ رکھیں تو کہا کرتی تھیں اس سال رمضان کے روزے میرے زندگی میں آئے ہیں نہ جانے اگلے سال آئیں کہ نہ۔ اس طرح انہوں نے اپنی زندگی کے آخری رمضان تک اللہ تعالیٰ کے فضل سے روزے رکھے۔

ہماری امی جان کی تربیت کا انداز بہت سادہ ہوتا تھا تاہم سب بہن بھائیوں کے ساتھ بڑی محبت اور نرمی کا سلوک کیا کرتی تھیں۔ ہمارے آرام کا بہت خیال رکھا کرتی تھیں۔ کبھی ڈانٹ کر کوئی کام نہیں کہا تھا۔ بے جا لاڈ پیار بھی نہیں کرتی تھیں۔

آپ کی طبیعت میں بڑی سادگی اور صفائی تھی۔ ہمیں بھی ہمیشہ کام صفائی سے کرنے کی تلقین کرتی تھیں۔ بہت منکسر المزاج، کم گو اور صابر تھیں باوجود ان پڑھ ہونے کے بہت سلیقہ شعار تھیں۔ گھر میں سادہ مگر صاف ستھرا لباس پہنا کرتی تھیں۔ طبیعت میں عاجزی اتنی تھی کہ ان کی وفات پر ہمارے گھر میں کام کرنے والی گاؤں کی عورتیں رو رہی تھیں اور کہہ رہی تھیں ہمیں کبھی انہوں نے ڈانٹ کر کام نہیں کہا تھا۔

مہمان نوازی کا اعلیٰ نمونہ پیش کیا کرتی تھیں۔ مجھے یاد ہے گاؤں میں ہمارا گھر تھا چولہے میں لکڑی جلاتے تھے سخت گرمی اور دھوپ میں بیٹھ کر کھانا تیار ہوا کرتا تھا لیکن وہ کبھی نہیں گھبراتی تھیں ہمیشہ دوسروں کی خدمت کر کے چہرے پر ایک خوشی اور سکینت ہوتی تھی۔ اپنوں غیروں سب کی بلا امتیاز خدمت کیا کرتی تھیں میرے ابا جان چونکہ گاؤں کے چوہدری بھی تھے اور احمدی بھی خود ہوئے تھے اس لئے مہمانوں کا کافی آنا جانا لگا رہتا تھا میری امی جان بہت خوش ہو کر جماعتی مہمانوں کی خدمت کیا کرتی تھیں۔

خدمت خلق کا بھی بہت جذبہ تھا۔ گاؤں میں جو آس پاس غریب گھر تھے ان کا بہت خیال رکھا کرتی تھیں کبھی کسی ہمسائے کو جو کچھ لینے آئے خالی ہاتھ نہیں لوٹایا کرتی تھیں سالن میں شوربا یہ کہہ کر زیادہ کر لیا کرتی تھیں کہ کبھی کوئی غریب ہی سالن لینے آجاتا ہے جب گھر کے لئے اچار ڈالا کرتیں تو ایک مرتبان علیحدہ غریبوں کے لئے ڈالا کرتیں غرض اس طرح دوسروں کی چھوٹی چھوٹی ضرورتوں کا بہت خیال رکھتیں۔ اسی طرح رمضان میں کسی غریب کی سحری اور افطاری کروانا بھی ان کی عادت تھی اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے۔ آمین

میری امی جان میں دنیا سے زیادہ محبت اور لگن نہیں تھی۔ ایک بے نیازی کی سی عادت تھی۔ کبھی انہوں نے دنیا کی لالچ نہیں کی۔ اور اس کا ثبوت یہ تھا کہ ان کی وفات کے وقت انہوں نے کوئی جمع پونجی نہیں چھوڑی۔ اگر ان کے پاس کوئی روپے وغیرہ ہوتے تو جس کو ضرورت ہوتی فوراً نکال کر دے دیتیں۔ اپنی ضروریات کے لیے کبھی ابا جان یا اولاد سے مطالبہ نہیں کیا کرتی تھیں۔ غرضیکہ وہ بہت ہی بے نفس وجود تھیں۔

میری امی جان میں سہل پسندی کی عادت بالکل نہیں تھی ہمیشہ فجر کی نماز سے پہلے بیدار ہوا کرتی تھیں اگر نوافل کا وقت ہوتا تو نوافل ادا کرتیں اور پھر نماز فجر ادا کر کے اپنے کاموں میں لگ جاتی تھیں گھر کے اکثر کام خود اپنے ہاتھ سے کیا کرتی تھیں۔ اسی طرح نماز جمعہ کا بڑا اہتمام کرتیں۔ جمعہ کے دن غسل کرنا اچھے اور صاف ستھرے کپڑے پہننا اور پھر نماز جمعہ کے لئے بیت الذکر میں جانا ساری زندگی ان کی عادت رہی ہے۔ کسی مریض کی تیمارداری میں بھی پیچھے نہیں رہا کرتی تھیں جیسے ہی خبر ہوتی کہ گاؤں میں کوئی بیمار ہوا ہے فوراً چادر کا پردہ کر کے بیمار کی خبر گیری کرتیں۔ ان کی بے شمار خوبیوں میں سے ایک خوبی کم گوئی تھی۔ بہت کم بولتی تھیں کبھی کسی کا گلہ شکوہ نہیں کیا۔ بلکہ دوسروں کو بھی شکوہ کرنے سے منع کیا۔ میرے ابا جان کو ساری زندگی ان سے صرف یہی ایک شکوہ رہا ہے کہ آپ کی امی میرے ساتھ زیادہ باتیں نہیں کرتیں۔ وہ ساری زندگی ابا جان کی بڑی خدمت گذار اور اطاعت گذار رہی ہیں ہمیشہ ان کے کھانے اور آرام کا فکر ہوتا تھا۔ اگر انہوں نے کبھی غصے میں آ کر کچھ کہہ دیا تو کبھی آگے سے جواب نہیں دیا۔

اسی طرح سب عزیز رشتہ داروں سے بہت خوش ہو کر ملا کرتی تھیں اور حسب توفیق ان کی خدمت کیا کرتی تھیں۔ کبھی انہوں نے اپنے خاندان اور ابو کے خاندان میں فرق نہیں کیا۔ سب کی ایک ہی جذبے سے خدمت کیا کرتی تھیں۔

بڑی خوبی جو میری والدہ میں تھی وہ انتہائی صبر کی تھی انہوں نے بڑے صبر اور حوصلے سے زندگی گزاری۔ کبھی واویلا نہیں کیا اپنی تکلیف کو بھی چھپالیا کرتی تھیں بہت زیادہ اظہار نہیں کرتی تھیں یہی صبر انہوں نے اپنی آخری بیماری میں بھی دکھایا۔ میری امی جان صرف دو ماہ بیمار رہیں اس عرصے میں سے بھی صرف پندرہ بیس دن طبیعت زیادہ خراب رہی ہے۔ لیکن وہ اپنی اس آخری بیماری میں بھی نہایت کمزوری کے باوجود خود واش روم چل کر جاتیں۔ وضو کرتیں اور نماز ادا کرتیں۔ آخری چار پانچ دنوں میں کہنے لگیں کہ پتہ نہیں چلتا کہ نماز میں کیا پڑھا ہے اور کتنی رکعتیں پڑھی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی تمام نیکیاں قبول فرمائے۔ آمین

اپنی بیماری میں بھی ہمارے آرام کا خیال تھا۔ دو دن پہلے ہسپتال میں کہنے لگیں میرے بچو! میں آپ کو تنگ کر رہی ہوں اگر رات کو ہم پاس بیٹھ جاتے تو کہتیں جاؤ آرام کرو۔ انہوں نے اپنے آرام کا کبھی خیال نہیں رکھا۔ ہمیشہ دوسروں کو راحت پہنچاتی رہیں۔ جس طرح صبر سے انہوں نے زندگی گزاری اسی طرح صبر سے اپنی آخری بیماری کے ایام بھی گزارے اور بڑے صبر اور حوصلے سے اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر دی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہماری والدہ کی بخشش اور مغفرت فرمائے اور انہیں صحبت صالحین عطا کرے اور اعلیٰ علیین میں جگہ دے۔ اور ہمیں اس غم کو صبر اور حوصلے سے برداشت کرنے کی توفیق دے اور اپنی والدہ کی نیکیوں کو زندہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(ق۔ت۔چیمہ)

☆☆☆

احساس

کچھ لرزاں ترساں لوگوں پر
کچھ بھوکے ننگے بچوں پر
بے گور و کفن سی لاشوں پر
بے یارو مدد بیچاروں پر
یہ کیسی آفت آئی ہے
احساس کی چادر دو ان کو

اندھیری رات مٹانے کو
روشنیاں پھیلانے کو
جو بچے گھر سے نکلے تھے
ہر سو دیپ جلانے کو
ملبوں پر تنہا بیٹھے ہیں
احساس کی چادر دو ان کو

ماؤں کے جو تارے ہیں
وہ آج بہت دکھیارے ہیں
سب ہی تو غم کے مارے ہیں
اور سب ہی بے سہارے ہیں
اپنوں کی راہیں تکتے ہیں
احساس کی چادر دو ان کو

سر ننگے پاؤں گھائل ہیں
وہ لوگ مدد کے سائل ہیں
اللہ کے پیارے ہیں وہ سب
جو ان کی مدد پر مائل ہیں
جن کے دیوار و در نہ گھر
احساس کی چادر دو ان کو

ہاں آج بہت ویران ہیں وہ
اور قسمت پر حیران ہیں وہ
دن رات کہ آہیں بھرتی ہیں
اک حسرت کا سامان ہیں وہ
جو آنکھیں روشنی کھو بیٹھیں
احساس کی چادر دو ان کو

مل جل کر سب یاران چلو
اور لے کر کچھ سامان چلو
ہو آندھی یا ابر و باراں
بن سوچے ہر طوفان چلو
مونگ کے دکھ کو مٹا کر تم
احساس کی چادر دو ان کو

(خ۔ب عزیز)

بابر شبیر صاحب

کرکٹ کے چند دلچسپ ریکارڈ اور واقعات

۞ ویسٹ انڈیز کے مشہور اوپنر گورڈن گرینج نے اپنا ایک دلچسپ واقعہ سنایا وہ کہتے ہیں کہ 1981ء میں جب ہم آسٹریلیا کا دورہ کر رہے تھے تو سڈنی ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں، میں چائے کے وقفہ تک ڈیڑھ سو رنز بنا چکا تھا۔ میں ڈینس للّی سمیت آسٹریلیا کے تمام بولرز کی خوب پٹائی کر رہا تھا۔ میں وکٹ کے Behaviour کو سمجھ چکا تھا اور مجھے بخوبی اندازہ ہو چکا تھا کہ کون سی گیند کہاں پڑے گی، اس کی لائن کیا ہوگی، لینتھ کیا ہو گی۔ مجھے ہر گیند فٹ بال کی طرح صاف نظر آ رہی تھی۔ چائے کے وقفے کے بعد جب تیز رفتار بولر ڈینس للّی نے مجھے پہلی گیند پھینکی تو وہ میری توقع سے بہت نیچی رہی اور مجھے نہایت پھسپھسی محسوس ہوئی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ میری ٹائمنگ غلط ہوگئی اور میں بولڈ ہو گیا۔ سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں بیٹھے تماشائی اچھل پڑے اور خوشی سے تالیاں بجانے لگے لیکن حیرت انگیز طور سے للّی اپنی جگہ کھڑے مسکراتے رہے حالانکہ ایسی صورت میں تو للّی نہایت خوشی اور جارحیت کا اظہار کیا کرتے تھے۔ جب میں نے پیچھے مڑ کر اپنی گری ہوئی وکٹ دیکھی تو مجھے بے حد تعجب ہوا کیونکہ للّی نے جس چیز سے مجھے گیند کرائی تھی وہ گیند نہیں بلکہ ایک گول مٹول سرخ انار تھا۔ للّی کے لئے مشہور تھا کہ وہ بہت بد دماغ کھلاڑی ہے اس کی جانب سے اتنی پر مزاح حرکت دیکھ کر مجھے سخت حیرت ہوئی اور گراؤنڈ میں موجود تمام کھلاڑی اور تماشائی ان کے اس مذاق سے بہت محظوظ ہوئے۔

۞ فاسٹ باولرز کی کاٹ دار اور سپنرز کی بل کھاتی گیندوں پر تو سب نے ہی چوکے لگتے دیکھے ہوں گے لیکن ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں ایک مرتبہ ایسا بھی ہوا کہ ایک بیٹسمین نے بالکل ساکت گیند پر چوکا لگایا۔ اس کا یہ دلچسپ عمل کرکٹ کی تاریخ میں انوکھے ریکارڈ کی حیثیت اختیار کر گیا۔

پاکستان کے سابق مشہور سپنر عبدالقادر نے ایک گیند پھینکی۔ گیند ان کے ہاتھوں سے چھوٹ کر پچ کے وسط میں جا رکی۔ عبدالقادر آگے بڑھ کر اس گیند کو اٹھانا چاہتے تھے لیکن سامنے بیٹنگ کرنے والے آسٹریلوی بیٹسمین گریگ رچی نے انہیں ایسا کرنے سے روک دیا اور امپائر سے کہا گیند پھینکی جا چکی ہے اور اب تک لائیو ہے لہٰذا مجھے شاٹ مارنے کی اجازت دی جائے۔ قانون کی رو سے یہ بات جائز تھی۔ لہٰذا امپائر نے اس کی رکی ہوئی گیند پر شاٹ مارنے کی اجازت دے دی۔ گریگ رچی نے تقریباً باولر کی جانب پشت کر کے اس گیند کو مڈ آن پر اس انداز میں ہٹ کیا جیسا کہ عموماً کور کی جانب کھیلا جاتا ہے اور گیند باؤنڈری لائن عبور کر گئی۔ گریگ رچی کا یہ چوکا کرکٹ کی تاریخ کا یادگار چوکا بن گیا۔

۞ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں سب سے پہلے صفر کے ہندسے کا نشانہ بننے والے کھلاڑی آسٹریلیا کے ایڈورڈ گریگوری تھے جو 1877ء میں اپنی زندگی کے پہلے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں صفر پر آؤٹ ہوئے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ یہ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ کا پہلا ٹیسٹ میچ تھا۔ ایڈورڈ گریگوری کے اس واقعہ کے ساتھ ایک دلچسپ بات یہ ہے کہ ان کے فرزند سڈنی گریگوری بھی اپنے والد کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی زندگی کے اولین ٹیسٹ میچ میں صفر کے ہندسے پر آؤٹ ہوئے۔ بات اگر یہیں ختم ہو جاتی تو شاید اس قدر دلچسپ اور اہمیت کی حامل نہیں ہوتی۔ لیکن حیرت انگیز طور سے ایڈورڈ گریگوری کے پوتے اور سڈنی گریگوری کے بیٹے جیک گریگوری نے بھی اپنے آباؤ اجداد کی روایات کو زندہ رکھا اور اپنے اولین ٹیسٹ کی اولین اننگز میں صفر کے ہندسے کا شکار بنے۔ یہ واقعہ جہاں نہایت دلچسپ ہے وہیں ایک یادگار ریکارڈ بھی ہے جسے شاید ہی کوئی دادا، باپ اور بیٹا کبھی توڑ سکے۔

۞ صفر پر آؤٹ ہونا ہر کھلاڑی کے لئے نہایت تکلیف دہ امر ہوتا ہے۔ لیکن اگر کوئی کھلاڑی تسلسل کے ساتھ اس ہندسے کا شکار ہوتا ہے تو اس کی پریشانی کا کیا حال ہوگا۔ یہ وہی جان سکتا ہے جس پر یہ افتاد پڑی ہو۔ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں آسٹریلیا کے سابق اسپنر باب ہالینڈ ایک ایسے کھلاڑی گزرے ہیں جو مسلسل پانچ اننگز میں صفر کا شکار ہوئے۔ ٹیسٹ میچوں کی تاریخ میں مسلسل صفر کے ہندسے پر آؤٹ ہونے کا یہ عالمی ریکارڈ ہے۔ 86-1985ء کے سیزن کے دوران باب ہالینڈ، انگلینڈ کے خلاف ایجبسٹن کرکٹ گراؤنڈ میں ٹیسٹ میچ کی دونوں اننگز میں صفر پر آؤٹ ہوئے اس کے بعد برسبین میں نیوزی لینڈ کے خلاف ایک مرتبہ پھر وہ دونوں اننگز میں صفر کا شکار ہوئے۔ بات یہیں ختم نہیں ہوئی۔ برسبین ٹیسٹ کے بعد سڈنی میں کھیلے گئے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں وہ ایک مرتبہ پھر صفر کے چنگل میں پھنس گئے۔ باب ہالینڈ پانچ مرتبہ مسلسل صفر پر آؤٹ ہو کر عالمی ریکارڈ ہولڈر ہیں۔

۞ کم از کم چھکے لگانے کا عجیب و غریب ریکارڈ بھارت کے تاریخ ساز کھلاڑی سنیل گواسکر کے پاس ہے۔ بھارت اور دنیا کے اس نامور کھلاڑی نے ٹیسٹ کرکٹ میں 34 سنچریاں بنانے کا اعزاز حاصل کیا ہے لیکن یہاں حیران کن اور دلچسپ بات یہ ہے کہ ان 34 ٹیسٹ سنچریوں کے دوران گواسکر نے صرف آٹھ چھکے لگائے۔ گویا 34 ٹیسٹ سنچریاں انہوں نے صرف آٹھ چھکوں کی مدد سے بنائیں۔ جو یقینی طور سے کسی بیٹسمین کا کم از کم چھکے لگانے کا عجیب و غریب ریکارڈ ہے۔ گواسکر نے 34 ٹیسٹ سنچریوں کے دوران چھکے تو صرف آٹھ لگائے لیکن ان کے چوکوں کی تعداد 535 رہی۔ گواسکر کے ان اعداد و شمار سے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وہ زمینی شاٹس کھیلنے میں کتنا یقین رکھتے تھے۔

۞ انگلینڈ کے جارج گن وہ کھلاڑی ہیں جن کو سب سے طویل وقفے کے بعد دوبارہ ٹیسٹ کرکٹ میں آنے کا موقع ملا۔ 1911ء میں انہوں نے آخری مرتبہ سڈنی کے مقام پر ٹیسٹ میچ کھیلا۔ اس کے بعد انہیں اٹھارہ سال کے طویل وقفے کے بعد ایک مرتبہ پھر 1929ء میں برج ٹاؤن کے مقام پر انگلینڈ کی جانب سے ٹیسٹ کھیلنے کا اعزاز حاصل ہوا۔ یہ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں کسی کھلاڑی کا طویل ترین وقفے کے بعد دوبارہ ٹیسٹ کھیلنے کا عالمی ریکارڈ ہے۔

راشد احمد دھیڑوی

ناریل کی افادیت

آپ کو یہ پڑھ کر حیرت ہوگی کہ دنیا میں ایک ارب باشندوں کی غذا روٹی، چاول نہیں بلکہ ناریل ہے۔ یہ پھل ان کی روزمرہ غذا کا ناگزیر حصہ ہے ناریل کا درخت تاڑ کی ایک قسم ہے یہ انسان کو میٹھا پانی، پھل، اور پکانے کا تیل فراہم کرتا ہے۔ اب ذرا اس پھل کا استعمال دیکھئے۔ اس سے بننے والا ناریل کا دودھ بھارت، فجی، گھانا، موزمبیق، ہوائی، برازیل وغیرہ میں تیار ہونے والے ہر قسم کے کھانوں میں استعمال ہوتا ہے۔

مزید برآں ناریل کا درخت بیسیوں گھریلو کاموں میں استعمال ہوتا ہے۔ اس سے گھاس پھونس والی چھتوں سے لے کر فرش پر بچھنے والی چٹائیاں تک بنتی ہیں۔ درخت کی جڑوں کو دھاگوں کی شکل دے کر ان سے ٹوتھ برش بنتے ہیں۔ جڑوں کے ریشوں کو بل دے کر ان کی رسیاں اور گھاس بنتی ہے۔ اس کے تنوں کو کاٹ پیٹ کر کشتیوں کی شکل دی جاتی ہے۔ استوائی علاقوں میں ہر چار پانچ سال بعد درخت کی شاخوں کی مدد سے گھروں کی نئی چھتیں بنائی جاتی ہیں۔ پرانا مواد جلا کر کھاد میں تبدیل کر دیا جاتا ہے ناریل کے درخت کی خاص بات یہ ہے کہ یہ ضروریات زندگی کی تقریباً ہر شے انسان کو فراہم کرتا ہے۔ مثلاً غذا، پانی، تیل، دوا، ریشہ (فائبر)، لکڑی، پیال، چٹائی، ایندھن اور گھر میں استعمال ہونے والے برش وغیرہ۔ ساتھ ساتھ یہ ماحول کو بھی اپنی خدمات فراہم کرتا ہے مثلاً ساحلی علاقوں میں مٹی کی برودگی روکتا ہے فصلوں کو تیز ہوا سے روکتا ہے اور انہیں سایہ فراہم کرتا ہے۔

ناریل سے نکلنے والا پانی اتنا خالص ہوتا ہے کہ دوسری جنگ عظیم کے موقع پر جسمانی کمزوری دور کرنے کے لئے زخمی مریضوں کو نمکیات اسی پانی میں گھول کر پلائے جاتے تھے۔ کیونکہ اس زمانے میں جراثیم سے پاک گلوکوز ناپید تھا۔ یہ بات باعث تعجب ہے کہ ناریل کا درخت اگانے کے ذریعے تقریباً ایک کروڑ خاندان زندہ رہنے کا سامان پیدا کرتے ہیں۔ فلپائن، انڈونیشیا، اور بھارت میں ناریل سب سے زیادہ تعداد میں اگتا ہے اس کے بعد ملائشیا اور سری لنکا وغیرہ کا نمبر آتا ہے۔ اسے وسیع و عریض کھیتوں میں اگایا جاتا ہے تاہم چھوٹے کاشت کاروں کے لئے بھی یہ اہم فصل ہے بھارتی صوبے کیرالا میں ساڑھے تین لاکھ خاندانوں کی کمائی کا دار و مدار ناریل کے درختوں پر ہے۔ وہاں جو خاندان جتنے زیادہ درختوں کا مالک ہو گا وہ اتنا ہی زیادہ مالدار سمجھا جاتا ہے۔

ناریل کے درخت کی ایک خاصیت یہ ہے کہ اس کے بیج ہفتوں تک سمندری پانی میں تیرتے ہوئے کارآمد رہ سکتے ہیں۔ اس لئے جلد یا بدیر وہ کسی ساحل پر جا لگتے ہیں۔ دھوپ اور پانی کی فراوانی کے باعث بیج بہت جلد جڑ پکڑ لیتا ہے۔ اگلے بارہ برسوں میں وہاں گیارہ میٹر لمبا درخت اپنی بہار دکھانے لگتا ہے پھل پکنے پر انہیں اتارنے کے لئے خاص مہارت درکار ہوتی ہے۔

سری لنکا کا بندر ناریل اتارنے والوں میں بڑا انوکھا اور غیر معمولی مقام رکھتا ہے۔ گندمی رنگت اور ذہانت سے پر آنکھوں والا یہ چوٹی دار میکاک بندر دس میٹر اونچے درخت پر صرف دس سیکنڈ میں چڑھ جاتا ہے۔ چڑھتے ہوئے وہ ایک بازو سے شاخ پکڑ کر جھولنے لگتا ہے پھر دوسرے بازو اور پیروں کی مدد سے وہ شاخ پر لگے ناریل کو اتنا گھماتا ہے کہ آخر وہ زمین پر گر جاتا ہے یہ بندر روزانہ ایک ہزار ناریل توڑ لیتے ہیں یعنی ایک بندر ایک ہزار ناریل ایک دن میں توڑ لیتا ہے اور ایک انسان سے تین گنا زیادہ کام کرتا ہے۔

جب یہ بندر بہت چھوٹے ہوتے ہیں تو انہیں جنگلوں سے پکڑ لیا جاتا ہے۔ خصوصی اداروں میں چھ ماہ تک انہیں درختوں پر چڑھنے ناریل توڑنے اور پکے ہوئے پھل منتخب کرنے کی تربیت دی جاتی ہے یہ بندر رنگ اور ماہیت دیکھ کر پکا ہوا پھل چنتے ہیں یہ بندر بیس برس تک زندہ رہتے ہیں اور دس برس تک کام کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

خدمت خلق کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تحریک عطیہ خون اور عطیہ چشم میں شامل ہوں

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔
ربوہ

مسل نمبر 54387 میں عطیہ افضال

بنت محمد افضال خاور مرحوم قوم جٹ سندھو پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جسوکی ضلع گجرات بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 24-9-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ عطیہ افضال گواہ شد نمبر 1 عامر افضال وصیت نمبر 40382 ولد محمد افضال خاور مرحوم گواہ شد نمبر 2 حنیف احمد ثاقب مربی سلسلہ وصیت نمبر 31199

مسل نمبر 54388 میں محمد نواز

ولد محمد یوسف مرحوم قوم وڑائچ پیشہ ملازمت عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نواں لوک لنگے ضلع گجرات بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 23-10-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ رہائشی مکان مالیتی -/256000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10200 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد نواز گواہ شد نمبر 1 نعیم احمد وصیت نمبر 37114 گواہ شد نمبر 2 قمر الاسلام طارق ولد عبدالسلام

مسل نمبر 54389 میں طیبہ مریم

بنت اعجاز احمد قوم گجر کھٹانہ پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دھاروال ضلع گجرات بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 8-10-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ طیبہ مریم گواہ شد نمبر 1 حنیف احمد ثاقب مربی سلسلہ وصیت نمبر 31199 گواہ شد نمبر 2 اعجاز احمد والد موصیہ

مسل نمبر 54390 میں مدیحہ قدوس

بنت اعجاز احمد قوم گجر کھٹانہ پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دھاروال ضلع گجرات بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 8-10-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ مدیحہ قدوس گواہ شد نمبر 1 حنیف احمد ثاقب مربی سلسلہ وصیت نمبر 31199 گواہ شد نمبر 2 اعجاز احمد والد موصیہ

مسل نمبر 54391 میں خواجہ فرحان سعید

ولد خواجہ سعید احمد قوم کشمیری پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سنت نگر لاہور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 28-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ بائیسکل مالیتی -/1000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد خواجہ فرحان سعید گواہ شد نمبر 1 ملک امان اللہ مربی سلسلہ گواہ شد نمبر 2 خالد مسعود ولد محمد یعقوب

مسل نمبر 54392 میں عنبر وجیہہ اللہ

بنت وجیہہ اللہ خان قوم ککے زئی پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فرید کورٹ روڈ لاہور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 9-10-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور ایک تولہ مالیتی -/10000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ عنبر وجیہہ اللہ گواہ شد نمبر 1 خالد مسعود ولد محمد یعقوب گواہ شد نمبر 2 آصف محمود کھوکھر ولد محمد یوسف

مسل نمبر 54393 میں بشریٰ گل

زوجہ امتیاز احمد دین قوم کشمیری پیشہ خانہ داری عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سنت نگر لاہور بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 5-10-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 20 تولے اندازاً مالیتی -/200000 روپے۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/3500 پونڈ سٹرلنگ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ بشریٰ گل گواہ شد نمبر 1 ملک امان اللہ مربی سلسلہ وصیت نمبر 38888 گواہ شد نمبر 2 حبیب الرحمٰن ولد عبدالرحمان

مسل نمبر 54394 میں سعیدہ بانو

زوجہ ظہیر عبداللہ قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوٹلی نتھو ملہی ضلع نارووال بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 2-6-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ حق مہر -/30000 روپے۔ جس میں سے بصورت طلائی زیور 32-800 گرام۔ -/26300 روپے وصول شدہ ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ سعیدہ بانو گواہ شد نمبر 1 ظہیر عبداللہ خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 عطاء الرقیب منور وصیت نمبر 30027

مسل نمبر 54395 میں کاشفہ

